سرکلرنمبر: 3/7 بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

میری بہت ہی عزیز بہن!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے کہ 11-12-13 جون 2011ء کو انشاءاللہ ہماری مرکزی تربیت گاہ جرمنی کے شہر "زولنگن" میں ہوگی۔ سال میں ایک مرتبہ بذریعہ تربیت گاہ ہم ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔ایک دوسرے کے خیالات سے آگاہ ہوتے ہیں۔دین کے لیے ایک دوسرے کے اندر پائی جانے والی تڑپ اوراس کی کوششوں سے آگاہ ہوتے ہیں۔اوردین کا علم وفہم حاصل کرکے سال بھر کے لیے نئے جذبوں، ولولوں اورعزائم کے ساتھ اپنے گھروں کو واپس لوٹ آتے ہیں۔جیسے ہی تربیت گاہ کا وقت قریب آنا شروع ہوجاتا ہے۔ میرے دل سے دعائیں نکلنا شروع ہوجاتی ہیں۔دعا اس بات کی کہ ہم میں سے کوئی ایک بھی ایسا نہ ہو جو کسی بھی وجہ سے اس میں شرکت نہ کرسکے۔دعا اس بات کی کہ اس کے انتظامات سے لے کر پروگراموں اور سفر کے سارے سلسلوں میں اللہ کی رحمت کا ہاتھ ہمارے سر پر رہے۔دعا اس بات کی کہ تربیت گاہ واقعہ ہم سب کی تربیت کا باعث ہو۔غرضیکہ لحہ لحہ دل رب کے ساتھ جڑ جاتا ہے۔پھر یہ بھی دل چاہتا ہے کہ ان ساری دعاؤں میں میں اکیلی نہ رہوں۔آپ سب بھی میرے ساتھ مل جائیں۔۔نوافل، دعا، ذکر سے اپنے رب کو بار بار پکاریں کہ وہ اپنی رحمت کے ساتھ اس موقعے کو ہمارے لیے ہر ہر اعتبار سے فائدہ مند بنادے۔۔۔۔انشاءاللہ

تربیت گاہ کی بہترین تیاری اور شرکت کے لیے کچھ ہدایات دی جارہی ہیں۔ان ہدایات کو بغور پڑھیں اور اس کے ایک ایک نکتے پر مکمل تیاری کی کوشش کریں۔

1۔تربیت گاہ کے لیے اگر گھر سے اجازت درکار ہے تو ابھی سے دو نفل صلوۃِ حاجت پڑھکر اللہ سے دعا مانگ کر اجازت لینے کے لیے قدم اٹھائیں۔

2۔اگر بکنگ کروانی ہے تو ابھی سے کروالیں۔ورنہ بعد میں ٹکٹیں مہنگی ہوجاتی ہیں۔بکنگ کہاں کی کروانی ہے اور کیسے اس ضمن میں آپ کو الگ سے تفصیلات تحریر کی جارہی ہیں۔

3۔بکنگ ایسے کروائیں یا سفر کا پروگرام ایسے ترتیب دیں کہ تربیت گاہ سے کم از کم 4-5 گھنٹے قبل آپ Solingen پہنچ جائیں۔ ڈیوٹیز کا اجتماع 11 تاریخ کو صبح 11 سے 12 بجے ہوگا۔اس اجتماع میں آپ کی شرکت لازم ہے تاکہ آپ اپنی ڈیوٹی کو اچھی طرح سمجھ سکیں۔اور اگر خدانخواستہ کسی وجہ سے آپ ٹائم پر نہ پہنچ سکیں تو آتے ہی پہلے اپنی ڈیوٹی کے بارے میں متعلقہ فرد سے معلومات لینے کی کوشش کریں۔اور جتنا ممکن ہو فوری طور پر اپنی ڈیوٹی سنبھال لیں۔

4۔مسجد میں زمین پر قالین بچھے ہوئے ہیں۔آپ ضرورت کا بستر اور کمبل ساتھ رکھیں۔اپنا سامان کم سے کم رکھیں تاکہ زیادہ سامان کی وجہ سے جگہ کی تنگی نہ ہو۔

5۔مسجد میں شروع میں ہی وہ بڑا کمرہ ہے جہاں پروگرام ہونا ہے۔اگر آپ کسی وجہ سے دیر سے پہنچیں تو خاموشی سے کمرے میں سے گزر

جائیں۔تا کہ پروگرام سننے والوں کو تنگی نہ ہو۔

6۔تربیت گاہ میں زرطعام فی کس 5.00 یورو اور فی فیملی 10.00 یورو ہوگا۔کھانے اور دیگر انتظامات کے مدنظر یہ رقم بہت کم ہے۔اس لیے کوشش کریں کہ آپ ابھی سے خوب خوب فنڈ جمع کریں تا کہ ہمارے لیے تمام انتظامات آسان ہوسکیں۔

7۔اگر آپ کے ساتھ چھوٹے بچے ہیں تو ان کے لیے دودھ کا بندوبست ساتھ رکھیں۔

8۔پروگرام نوٹ کرنے کے لیے ڈائری قلم ساتھ رکھیں۔

9۔تربیت گاہ کی ناظمہ اجتماع روزینہ برلن اور ان کی معاون رومانہ ڈولنگن اور سارا برلن ہیں۔کسی بھی ضرورت پر ان سے رابطہ کریں۔

10۔چھوٹے بچوں کے لیے بے بی سٹنگ کا بندوبست ہوگا۔yuni کی بچیاں اپنا پروگرام کریں گی۔اور بڑے لڑکوں کے لیے پروگرام رکھنے کی کوشش ہوگی۔

11۔تربیت گاہ میں زیور یا دیگر قیمتی سامان حفاظت کے نکتہ نظر سے اپنے ساتھ نہ رکھیں۔اگر آپ کی عادت میں وضو یا کسی اور وقت انگوٹھی یا گھڑی اتار کر بھول جانا شامل ہے تو اپنے ساتھ نہ رکھیں۔

12۔خدانخواستہ کسی کی چیز گمنے کی صورت میں ہم تربیت گاہ میں موجود تمام خواتین +بچوں کے بیگ چیک کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔ امید ہے کے آپ اس بات سے متفق ہوں گی۔

13۔تربیت گاہ میں دیئے گئے مطالعہ کو مکمل کرکے نوٹ اور اصول لکھ کر ساتھ لائیں۔

14۔تربیت گاہ میں مردوں کے ٹھہرنے کا بندوبست ہوگا۔اگر آپ کے ساتھ آنے والے مرد مختلف کاموں میں مردانہ نظم کے ساتھ مدد کرسکیں تو ہمیں خوشی ہوگی۔

15۔کسی بھی دینی کام کے آغاز سے پہلے یہ دعا پڑھنی چاہیے۔

**رَبَّنَآ اٰتِنَا مِن لَّدُنکَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا (سُوۡرَہ الکھف 10)**

**اے پروردگار! ہم کو اپنی رحمت خاص سے نواز اور ہمارا معاملہ درست کردے۔**

اس دعا کو ابھی سے باقاعدگی سے پڑھنا شروع کردیں۔

امید ہے کے آپ ایک دوسرے کے لیے خوب خوب دعائیں کریں گے کہ ہم سب ایمان اور یقین کے سرمائے کے ساتھ اس تربیت گاہ میں شرکت کریں اور عمل اور اجر کے کثیر سرمائے کے ساتھ واپس لوٹیں۔انشاءاللہ

والسلام دعاگو

مزین سلیم

نگران حلقہ نورالایمان